سوال

(680) میوزک گانے وغیرہ سننے کے متعلق کیا حکم ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میوزک گانے وغیرہ سننے کے متعلق کیا حکم ہے۔ سننا تو واقعی گناہ ہے مگر راہ چلتے ہوئے راستے میں جگہ جگہ دکانوں وغیرہ میں ٹیپ لگے ہوئے ہیں۔ ایسی صورت میں شریعت کا کیا حکم ہے۔ کیا کرنا چاہیے؟ (سائل) (۱۲ مارچ ۱۹۹۹ء)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایسی صورت میں حتی المقدور بچاؤ کی کوئی بھی تدبیر اختیار کی جا سکتی ہے۔ مثلاً کان بند کرے یا بے توجہی سے گزر جائے۔ وغیرہ وغیرہ۔ لَا يُكَلِّفُ اللَّهُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا (البقرة: ۲۸۶)

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد: 3، کتاب اللباس: صفحہ: 489

محدث فتویٰ